## 49994 - مرد کا عورت کے ایکسرے کرنا اور اس کا روزے اور چھونے سے تعلق

**سوال**

میں ایکسرے ڈیپارٹمنٹ میں ملازم ہوں، اور عورتوں کے ایکسرے بھی کرنا ہوتے ہیں جس میں مریضہ کا چیک اپ بھی کرنا ہوتا ہے، سوال یہ ہے کہ اگر کوئی شخص ایسا کام کرنے پر مجبور ہو تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ جائیگا اور وہ اس کی قضاء میں روزے رکھے یا نہیں ؟
اور اگر میں نے عورت کا چيك اپ کیا تو میرے وضوء کا حکم کیا ہوگا حالانکہ میں نے دستانے پہن رکھے ہوتے ہیں آیا وضوء ٹوٹ جائیگا یا نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اول:

ایکسرا کرنے سے روزہ پر کوئی اثر نہیں پڑیگا، اور نہ ہی اسے روزہ توڑنے والی معتبر اشیاء میں شمار کیا جاتا ہے، لیکن اگر مریض کوئی دوائی کھائے یا پھر کوئی اور چیز کھائے یا پیئے تو کھانے پینے کے باعث اس کا روزہ ٹوٹ جائیگا.

دوم:

اگر کوئی شخص کسی عورت کا چیك اپ کرتا ہے تو چیك کرنے والے کے وضوء پر اثر نہیں پڑیگا، ہم سوال نمبر ( 20710 ) کے جواب میں بیان کر چکے ہیں کہ علماء کرا کے صحیح قول کے مطابق اجنبی عورت کو چھونے سے وضوء نہیں ٹوٹتا.

بغیر کسی شدید ضرورت کے کسی اجنبی شخص کے کسی اجنبی عورت کا علاج کرنا جائز نہیں، اور نہ ہی عورت کسی اجنبی مرد کا علاج کر سکتی ہے.

اور یہ ضرورت بھی حسب ضرورت ہی رہنی چاہیے، اس لیے کسی ادنی اور چھوٹے سے سبب کی بنا پر اور کسی چھوٹے سے مرض کی بنا پر پردہ اٹھانا جائز نہیں، اور اسی طرح اگر ضرورت ہو تو صرف درد کی جگہ کو ہی دیکھنا چاہیے اس سے زائد دیکھنا حرام ہے، اور اسی طرح معالج اور مریض کے درمیان خلوت بھی نہیں ہونی چاہیے.

سوال نمبر ( 2198 ) كے جواب ميں مرد ڈاكٹر كا عورتوں كے علاج معالجہ كرنے كا تفصيلى حكم بيان كيا گيا ہے آپ اس كا مطالعہ كريں.

كسى اجنبى مرد كا اجنبى عورت اور كسى عورت كا اجنبى مرد كو چھونا حرام ہے، ليكن اگر ضرورت پيش آ جائے تو پھر ہاتھوں پر دستانے چڑھا كر چيك كرنے ميں كچھ آسانى اور گناہ ہلكا ہو جائيگا.

واللہ اعلم .